اداریہ

"پشاور اسلامیکس" کا تیسرا شمارہ پیش خدمت ہے۔ گذشتہ شماروں کی طرح موجودہ شمارے کے لئے موصول شدہ کل مقالات کو بھی تصحیص و تنقیح کے مختلف مراحل سے گذارا گیا- جو مقالات ماہرین کی رائے کے مطابق تحقیق کے معیار پر پورے نہیں اترے، انہیں شامل اشاعت نہیں کیا گیا۔ اطمینان کی بات یہ ہے کہ اب تک صرف مقامی نہیں بلکہ دیگر جامعات کے اساتذہ و محققین بھی اپنے علمی شذرات خاصی تعداد میں بھیج کر ہماری حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، جس سے مجلہ کی بھرپور پذیرائی کا اظہار ہوتا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ مجلہ میں عصر حاضر کے مسائل اور ان کے حل کے سلسلے میں تحریر شدہ مقالات کی زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے۔ لہذا مستحسن ہو گا، کہ مقالہ نگار خواتین و حضرات اپنی توجہ اس جانب مبذول کریں۔

تعلیم و تعلم ایک مربوط اور مسلسل عمل ہے۔ انسانی کاوشوں میں ہر وقت اصلاح کی گنجائش موجود رہتی ہے' اس سلسلے میں ہم آپ کی علمی آراء کی روشنی میں مزید بہتری کی طرف گامزن ہونے کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔

ان سب ماہرین اور اساتذہ کرام کا شکر گزار ہوں' جنہوں نے مقالات پر آراء دینے اور پروف خوانی کے مراحل میں ہمارے ساتھ تعاون کیا، جزاھم اللہ تعالی احسن الجزاء۔

خیر اندیش

معراج الاسلام ضیاء

[مدیر]